**<u>ISG منیجمینٹ کلاس ایکشن</u>**

**Mutch بنام ISG Management Pty Ltd**

**گروپ ممبران کے لیے اہم اپ ڈیٹ**

درج ذیل اہم اپ ڈیٹس کے حوالے سے آسٹریلیا کی وفاقی حکومت نے Shine Lawyers کو اجازت دی ہے کہ آپ سے رابطہ کرنے کے لیے آپ کی تفصیلات استعمال کریں:

- ISGM کی تحلیل اور کلاس ایکشن پر اس کا اثر
- تحلیل کے عمل میں آپ کے ممکنہ حقوق
- دولت مشترکہ کی سرکاری FEG اسکیم تک رسائی کے لیے آپ کا ممکنہ حق، اگر اہل ہوں
- Shine Lawyers کیسے معاونت کر سکتے ہیں
- متبادل اختیارات جو آپ کو دستیاب ہیں۔

اگر اس نوٹس کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہوں، یا متعلقہ فارم مکمل کرنے میں کوئی مدد درکار ہو تو براہ کرم ہماری ISGM کی کلاس ایکشن ٹیم سے **1800 325 172** پر رابطہ کریں یا **isgmlegal@shine.com.au** پر ای میل بھیجیں۔

**ISGM کی تحلیل اور کلاس ایکشن پر اس کا اثر**

1. 1 جولائی، 2021 کو ISGM، اس کی پیرنٹ کمپنی، Tandem Corporation اور متعدد متعلقہ کمپنیوں کو ان کے ڈائریکٹرز کی جانب سے ایک رضاکارانہ انتظامیہ کے تحت رکھا گیا تھا۔

2. 7 جولائی، 2021 کو رضاکارانہ انتظامیہ کے باعث آسٹریلیا کی وفاقی حکومت نے حکم جاری کیا کہ کلاس ایکشن کی سماعت کی تیاری کے حوالے سے موجودہ عدالتی احکام کو معطل کیا جاتا ہے۔

3. 29 جولائی 2021 کو منتظمین نے اپنے کریڈٹرز کا پہلا اجلاس طلب کیا اور اپنی رپورٹ جاری کی۔ رپورٹ میں منتظمین کی جانب سے ISGM کے معاملات کی ابتدائی تفتیش کے نتائج اور ISGM کے کریڈٹرز کو دستیاب اختیارات بتائے گئے۔ رپورٹ کی نقل اور دیگر مواد تک رسائی ویب سائٹ **https://www.mcgrathnicol.com/creditors/tandem-group** کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے۔

4. 5 اگست، 2021 کو منتظمین نے کریڈٹرز کا دوسرا اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں، کریڈٹرز کی رائے دہی انجام دی گئی جس کے نتیجے میں متعلقہ کمپنیوں، بشمول ISGM کو تحلیل کے لیے رکھا گیا (یعنی ان کے اثاثوں کو کریڈٹرز کے فائدے کے لیے ‘نقد میں تبدیل’ کیا جائے گا اور کمپنی کو ‘بند’ کر دیا جائے گا۔) McGrathNicol کے میتھیو کیڈی اور کیتھ کرافورڈ کو جوائنٹ اور سیورل لیکویڈیٹرز کے طور پر نامزد کرنے کے لیے ووٹ دیا گیا۔

5. 5 نومبر، 2021 کو لیکویڈیٹرز نے کریڈٹرز کے لیے قانونی رپورٹ جاری کی۔ رپورٹ کا مقصد کریڈٹرز کو تحلیل کی پیش رفت کے حوالے سے تازہ ترین معلومات فراہم کرنا اور تحلیل کے نتیجے میں انہیں ملنے والے حصے کے امکان کا مشورہ دینا تھا۔ رپورٹ کی نقل اور دیگر مواد تک رسائی ویب سائٹ
**https://www.mcgrathnicol.com/creditors/tandem-group** کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے۔

SHINE LAWYERS
RIGHT WRONG.

**تحلیل کے عمل میں گروپ ممبران کے ممکنہ حقوق**

6. ISGM کلاس ایکشن میں گروپ ممبر کے طور پر، آپ کو کریڈٹر سمجھا جاتا ہے اور آپ کے پاس لیکویڈیٹرز کی جانب سے تعین کی جانے والی کسی بھی ادائیگی کی تقسیم میں ملحوظ خاطر رکھنے کے لیے اپنا کلیم لیکویڈیٹرز کے پاس جمع کروانے کا موقع ہوتا ہے۔

7. کلیم ISGM کے لیکویڈیٹرز کی جانب سے مدنظر رکھوانے کے لیے، اپنا کلیم ثابت کرنے کے لیے قرض کا ثبوت جمع کروانا ضروری ہے۔ قرض کا ثبوت جمع کروا کے، آپ اپنا کلیم لیکویڈیٹرز کے علم میں لاتے ہیں، اور معلومات اور اپ ڈیٹس موصول کرنے کے حق دار ٹھہرتے ہیں، بشمول کمپنی کے امور کے متعلق رپورٹیں، تحلیل کے عمل کی پیش رفت اور کریڈٹرز کو دستیاب اختیارات۔

**منصفانہ حق کی ضمانت (FEG) اسکیم کا ممکنہ حق**

8. مذکورہ بالا قرض کے ثبوت کے کلیم کے علاوہ، Shine Lawyers دولت مشترکہ کی حکومتی منصفانہ حقوق (**FEG**) کی اسکیم کے لیے درخواست دینے کو بھی پیش نظر رکھ رہے ہیں۔

9. FEG اسکیم اہل ملازمین کو غیر ادا شدہ ملازمتی حقوق کا احاطہ کرنے کے لیے مالی معاونت فراہم کرتی ہے جو تحلیل کے عمل یا اپنے آجر کے دیوالیہ ہونے کے باعث اپنی ملازمت کھو دیتے ہیں۔

10. گروپ ممبر کے طور پر، اگر آپ نے ISGM کو **1 جنوری، 2021 سے 30 جون، 2021** تک اپنی خدمات فراہم کی ہیں تو آپ FEG تک رسائی کے اہل ہو سکتے ہیں۔

**SHINE LAWYERS کیسے مدد فراہم کر سکتے ہیں**

11. Shine Lawyers تحلیل کے عمل میں آپ کی نمائندگی کر سکتے ہیں، نیز FEG اسکیم کی درخواست مکمل کرنے میں آپ کی معاونت کر سکتے ہیں (اگر اہل ہوں)۔

12. جیسا کہ اوپر مذکور ہے، اگر آپ مذکورہ بالا اہلیتی تقاضوں پر پورا اترتے ہیں تو آپ غیر ادا شدہ ملازمتی حقوق کا احاطہ کرنے کے لیے مالی معاونت کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ FEG درخواست کا عمل درخواست دہندگان سے مخصوص معیار پر پورا اترنے، لازمی معلومات اور دستاویزات جمع کروانے، نیز درخواست جمع کروانے سے قبل مخصوص اقدامات کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ Shine Lawyers اس عمل میں آپ کی بالکل مفت مدد کریں گے۔

13. اگر FEG اور/یا لیکویڈیٹر گروپ ممبران کا کلیم قبول نہیں کرتے تو ہم گروپ ممبران کی ایماء پر اعلیٰ عدلیہ میں اپیل دائر کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو اس مرحلے پر ہم قرض کے ثبوت اور/یا FEG کلیم کے لیے عدالتی فیصلہ حاصل کرنے میں ہونے والے اخراجات کے حوالے سے ریٹینر اور ممکنہ طور پر ایک مالی معاہدہ میں شامل ہونے کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ہم آپ کو جلد ہی بتائیں گے۔

14. ابھی کے لیے، اگر آپ چاہتے ہیں کہ Shine Lawyers قرض کا ثبوت اور FEG کلیم درج کروانے میں آپ کی مدد کرے تو براہ کرم https://ISGMclassaction.shine.com.au/Registration پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور آن لائن درج ذیل مکمل کریں:

a. ایک مختصر سوالنامہ، جو ہمیں قرض کے ثبوت میں درج کرنے کے لیے آپ کے کلیم کا حساب لگانے، نیز یہ تعین کرنے کے قابل بنائے گا کہ آیا آپ FEG اسکیم تک رسائی کے لیے ممکنہ طور پر اہل ہیں؛ اور

b. ایک اتھارٹی فارم، جس میں آپ Shine Lawyers کو اختیار دیتے ہیں کہ تحلیل کے عمل میں آپ کی نمائندگی کرے اور FEG اسکیم کی درخواست میں آپ کی مدد کرے (اگر اہل ہوں)۔

15. مذکورہ بالا فارم مکمل کرنے سے آپ پر کوئی بھی لاگت اور اخراجات عائد نہیں ہوں گے جن تک آپ https://ISGMclassaction.shine.com.au/Registration کے ذریعے رسائی کر سکتے ہیں۔

16. ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ سوالنامہ اور اتھارٹی فارم **15 دسمبر، 2021 بروز بدھ** تک مکمل کر لیں۔

**متبادل اختیارات جو آپ کو دستیاب ہیں**

17. مذکورہ بالا کے متبادل کے طور پر، آپ کو درج ذیل کا اختیار ہے:

a. لیکویڈیٹر کے ساتھ قرض کا ثبوت درج کروانے یا FEG اسکیم تک رسائی کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کے لیے کسی خودمختار وکیل سے بات کرنا؛

b. قرض کے ثبوت کے فارم کی نقل حاصل کرنے کے لیے براہ راست لیکویڈیٹرز سے رابطہ کرنا، جسے آپ قانونی مدد کے بغیر مکمل کر کے خود جمع کروا سکتے ہیں؛ اور

c. اگر اہل ہوں، تو FEG اسکیم تک رسائی کے لیے اٹارنی جنرل کے محکمہ میں بغیر کسی قانونی مدد کے خود کلیم جمع کروائیں۔

***کیا میں کچھ بھی نہیں کر سکتا ہوں؟***

18. آپ کے پاس کچھ نہ کرنے کا بھی اختیار ہے۔ اگر آپ یہ اختیار منتخب کرتے ہیں تو آپ کا کلیم لیکویڈیٹر کی جانب سے مدنظر نہیں رکھا جائے گا اور آپ کو کسی ایسے کلیم کی ادائیگی نہیں ملے گی جس کے آپ حق دار ہو سکتے ہیں۔ مزید برآں، اگر آپ FEG اسکیم تک رسائی کے لیے درخواست دائر نہ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں (اگر اہل ہوں) تو آپ کو کوئی حق بھی نہیں ملے گا۔

19. اگر آپ کچھ نہیں کرتے تو آپ کو کسی منفی نتائج کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا یا دیگر گروپ ممبران کے حوالے سے لیکویڈیٹر یا اٹارنی جنرل کے محکمہ کے کسی فیصلے کے پابند نہیں ہوں گے۔

20. **یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ لیکویڈیٹر کے ساتھ کلیم درج کروانے اور FEG اسکیم تک رسائی کی درخواست کرنے کے لیے وقت کی معینہ سخت حدود ہیں۔ اس کیس میں ہم نے تعین کیا ہے کہ FEG اسکیم تک رسائی کے لیے تمام درخواستیں 1 جولائی، 2022 تک جمع کروانی ضروری ہیں۔ اور اس سے تاخیر ممکنہ طور پر 'بعد از وقت' درج کروانے کی بنیاد پر کلیم سے انکار کا باعث بن سکتی ہے۔ اگر وقت کی ان معینہ حدود (یا کسی دیگر متعلقہ معاملے) کے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہوں تو ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ہم سے رابطہ کریں، یا اپنے وکیل سے آزادانہ قانونی مشورہ طلب کریں۔**

21. جیسا کہ اوپر مذکور ہے، اگر آپ تحلیل کے عمل میں اور/یا FEG کے عمل (اگر اہل ہوں) میں Shine Lawyers کی مدد چاہتے ہیں، تو اپنا کلیم وقت کے بعد جمع کروانے سے بچنے کے لیے ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ فارمز **بدھ 15 دسمبر، 2021** تک فارم مکمل کر لیں۔ فارموں تک رسائی **https://ISGMclassaction.shine.com.au/Registration** پر کی جا سکتی ہے۔

22. اگر اس نوٹس کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہوں، یا متعلقہ فارم مکمل کرنے میں کوئی مدد درکار ہو تو براہ کرم ہماری ISGM کی کلاس ایکشن ٹیم سے **1800 325 172** پر رابطہ کریں یا **isgmlegal@shine.com.au** پر ای میل بھیجیں۔